انفاق فی سبیل اللہ | مؤلف: منیر احمد خلیلی - ناشر: حسن البنا اکیڈمی، راولپنڈی -
صفحات: ۲۲۴ قیمت: -/۳۰ روپے۔

اسلامی نظامِ زندگی کا ایک اہم شعبہ انفاق فی سبیل اللہ ہے۔ سورۂ بقرہ کے آغاز ہی میں قرآن سے ہدایت پانے والوں کی ایک لازمی صفت (یا شرط) یہ بتائی گئی ہے وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ہ انفاق فی سبیل اللہ میں زکوٰۃ تو اہم فریضہ کی حیثیت سے آتی ہے، مگر بوڑھے والدین اور اہل و عیال کی کفالت، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کی اعانت، اور یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، قیدیوں، بیماروں، بوڑھوں، مسافروں اور سائلوں اور مصیبت زدہ لوگوں کی خدمت کے علاوہ نذر، نیاز اور فطرانہ، مصارفِ سفرِ حج، قربانی، مالی کفارات، عفو طلبی اور مصیبت سے نجات کے لیے صدقات وغیرہ بے شمار مدات ہیں۔ پھر ان چیزوں سے بھی آگے تبلیغِ دین، تعلیمِ دین، سعی اقامتِ دین اور جہاد فی سبیل اللہ کے لیے کھلے دل سے مال خرچ کیے بغیر حق ادا نہیں ہو سکتا۔ باقی چیزوں پر تو جناب مؤلف نے ضروری باتیں لکھی ہیں، مگر اس آخری تفصیل طلب موضوع پر وضاحت و صراحت سے کچھ زور گفتگو نہیں ہو سکی۔

یوں اس کتاب میں آیات و احادیث اور حضورؐ پاک کے عملی نمونے اور صحابہ کرامؓ کے واقعاتی نظائر کو پیش کر کے اپنے مباحث کو مؤثر بنایا ہے۔ انہوں نے خاص توجہ اس بات پر دی ہے کہ خدا کے ہاں کوئی انفاق ناپسندیدہ اور نامقبول کن وجوہ سے ہوتا ہے۔ اور یہ کتاب کا ضروری حصہ ہے۔ خلیلی صاحب نے واضح کیا ہے کہ مادہ پرستانہ ذہنیت وہ بلا ہے جو آدمی میں بخل اور کنجوسی کے ساتھ اپنی خواہشوں کے لیے تو اسراف تک پیدا کر دیتی ہے مگر آدمی کو انفاق فی سبیل اللہ سے روکتی ہے۔ ان کی یہ بحث بھی اہم ہے

تمام مسلمانوں، خصوصاً دینی کام کرنے والوں اور طلبہ کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

حجابِ نسواں | مؤلف: استاد مظہر ادیب صاحب - ناشر: مکتبۃ السفیر، قذافی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور - صفحات: ۱۱۲ قیمت: -/۸ روپے

مظہر ادیب صاحب کی تحریروں سے میں کئی برس سے استفادہ کرتا رہا ہوں۔ وہ ایک صاف